## سوال

(399)زانیہ سے بیع

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک دوکاندار ایک زانیہ بازاری عورت سے اس کی گائے کا دودھ خرید کر فروخت کرتا ہے زانیہ نے حرام کی کمائی سے وہ گائے خریدی ہے اور اس گائے کی پرورش بھی حرام طریقے سے کرتی ہے کیا دوکاندار سے ایسا دودھ خرید کر پینا جائز ہے ؟ اور کیا دوکاندار کی آمدنی حلال ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

زانیہ سے ایسی چیز کی بیع کرنی جو کسب زنا سے حاصل کی ہو جائز نہیں ہے مگر اس دودھ فروش سے خریدنے والا شائد اس حکم میں شامل نہ ہو ،

شرفیہ :۔

خریدار اگر بے خبر ہے تو مضائقہ نہیں ، اور اگر اس سے خبر دار اور واقف ہے تو خریدنا جائز نہیں ، کہ مال حرام سے ہے ،

(ابو سعید شرف الدین دھلوی )

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 390**